سوال

مشت زنی

جواب

مشت زنی سے توبہ السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ میرا ایک رشتہ دار مریض مشت زنی میں بتلا ہے، وہ مشت زنی کرتے وقت کسی لڑکی کو ذہن میں لاتا تھا ایک دفعہ اس کا ذہن وسوسہ کی وجہ سے آل رسول کی طرف چلا گیا، کیا اس کی توبہ قبول ہو جائے گی۔ ؟ الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ! الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد! پہلی بات تو یہ ہے کہ مشت زنی کرنا ایک حرام عمل ہے، کیونکہ اس سے صحت خراب ہو جاتی ہے۔ تفصیل دیکھیں فتوی نمبر (11089) http://www.urdufatwa.com/index.php?/Knowledgebase/Article/View/11089/273/دوسری بات یہ ہے کہ اس فعل شنیع کو کرتے ہوئے کسی کا بھی اور بالخصوص آل رسول کا ذہن میں آجانا ایک بیمار اور گھٹیا دماغ کی علامت ہے۔ ایسے شخص کو جلد از جلد شادی کر لینی چاہئے تاکہ وہ اس گناہ سے اپنے آپ کو بچا لے۔ اگر وہ شخص اللہ سے سچی توبہ کر لے اور آئندہ یہ گناہ نہ کرنے کا اللہ سے وعدہ کر لے تو امید ہے کہ اللہ اسے ضرور معاف کر دیں گے، کیونکہ اللہ بڑے غفور الرحیم ہے۔ ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب فتوی کمیٹی محدث فتوی